


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## بے موسمی سبزیوں کی کاشتکاری(لو ٹنل)

SMEDA


سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر 3، فلور 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: (042) 111-111-456

فیکس نمبر: (0423) 36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: (021) 111-111-456

فیکس نمبر: (021) 35610572

helpdesk-sindh@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**

گراؤنڈ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ، دی مال، پشاور

ٹیلی فون: (091) 9213046-47

فیکس نمبر: (091) 5286908

helpdesk-khyberpakhtunkhawa@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

بنگلو نمبر: 15-A، چمن ہاؤسنگ سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر: (081) 2831922

helpdesk-balochaistan@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | فہرست |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | دستاویز کا مقاصد | 2 |
| 2 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 2 | سکیم کا تعارف | 4 |
| 3 | اجمالی جائزہ | 5 |
| 3 | کاروبارو مصنوعات کا مختصر بیان | 6 |
| 4 | انتہائی قابل توجہ امور | 7 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 8 |
| 4 | سرمایہ کاری کیلیئے جغرافیائی مواقع | 9 |
| 4 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 10 |
| 5 | پیداواری گردش عمل | 11 |
| 5 | لوٹنل کی صراحتی تفصیل | 11.1 |
| 6 | ٹنل کی ساخت اور ڈھانچہ | 11.2 |
| 7 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 12 |
| 7 | معاشی کیفیت | 12.1 |
| 7 | درکار سرمایہ | 12.2 |
| 8 | کل لاگت کاروبار | 12.3 |
| 9 | درکار زمین | 12.4 |
| 9 | مشینری اور آلات | 12.5 |
| 9 | درکار خام مال | 12.6 |
| 10 | درکار افرادی قوت | 12.7 |
| 11 | آمدن۔متوقع آمدن اور پیداوار | 12.8 |
| 11 | متفرق لاگتیں | 12.9 |
| 12 | ماہرین و مشیران | 13 |
| 13 | ضمیمہ جات | 14 |
| 13 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 14.1 |
| 14 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 14.2 |
| 15 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) | 14.3 |
| 16 | خام مال کا کھاتہ | 14.4 |
| 17 | فروخت سے ہونے والی آمدن کا کھاتہ | 14.5 |
| 18 | سود مند انتظامی تجاویز | 14.6 |
| 18 | کارآمد روابط | 14.7 |
| 19 | کلیدی مفروضے | 15 |


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 1۔ اظہارلاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواداس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔اگر چہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دی گئی ہیں جس میں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔البتہ اس کام کو کرتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ **SMEDA** نے تیار کی ہے۔ **SMEDA** کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے**SMEDA** کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## 2۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرِ نظر دستاویز میں بے موسمی سبزیوں کی کاشتکاری (لوٹنل فارم) قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تا کہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات میسر بھی نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعدازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کے تصور کی خاطر چھوٹے کاروباریوں کے قیام کے ذریعے سے تکمیل کے لئے عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے کاروباروں کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی وفراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔وزیراعظم کے قرضہ سکیم کے تحت سمیڈا کاروبار شروع کرنے والوں کو فروغ کاروبار کی سہولیات بھی مہیا کر رہی ہے۔جس میں متعلقہ شعبے کے ماہرین اور مشیران کا تعارف اور ان سے مشورہ کرنے کے مواقع فراہم کرنا شامل ہیں۔اس کام کے لئے سمیڈا میں معلوماتی کاؤنٹرز قائم کئے گئے ہیں۔

## 4۔ سکیم کا تعارف (INTRODUCTION TO SCHEME)

وزیراعظم کی جانب سے نوجوانوں کے لئے قرضہ سکیم کا اجراء نوجوان کاروباری افراد کے لئے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی ''چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' (Prime Minister Youth Bussiness Loan) برائے سال 14-2013ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد مارک اپ پر

قرضہ مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔
آٹھ سال تک کی معیاد کے لئے اور 10:90 تناسب کا قرضہ (Debt) اور ذاتی سرمایہ (Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیئے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور فاٹا کو متناسب نمائندگی دی جائے گی۔
روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔
سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیراعظم کی ہدایت پر پچاس سے زائد شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔
تاہم سکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں۔ SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk سے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## 5۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

ملک بھر کی منڈیوں میں پورا سال سبزیوں کی بے حد طلب اور رسد کا سلسلہ جاری رہتا ہے خاص طور پر موسمی سبزیوں کے سیزن کے آغاز اور اختتام پر یہ سبزیاں زیادہ قیمت پر فروخت ہوتی ہیں۔ ٹنل ٹیکنالوجی کے ذریعے سبزیوں کو ان کے موسم سے پہلے یا بعد میں مصنوعی طور پر اگانے سے کاشت کار زیادہ منافع حاصل کر سکتا ہے۔ اس ٹنل ٹیکنالوجی سے ایسی سبزیاں جن کی مارکیٹ میں زیادہ طلب ہو انہیں کنٹرولڈ درجہ حرارت اور نمی دے کر مصنوعی طریقے سے موسم سے پہلے یا بعد میں پیدا کیا جا سکتا ہے۔
سبزیاں اگانے کے اس طریقے پر عمل کر کے کاشت کار سارا سال اپنے دستیاب وسائل کا بہتر استعمال کر کے اپنی آمدن میں قابل قدر اضافہ ممکن بنا سکتے ہیں۔
ٹنل فارمنگ کو اپنی بہتر پیداوار اور آمدن کی وجہ سے ملک بھر میں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے اور صوبہ پنجاب کے شہروں فیصل آباد، گوجرانولہ، ماموں کانجن، اوکاڑہ اور ساہیوال میں عملی طور پر کاشتکار اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔
لوٹنل ٹیکنالوجی کاشتکاری کے اس منصوبے میں دو سبزیوں، تربوز اور خربوزے کی کاشت کی تجویز ہے۔ اس منصوبے کے تحت زمین کی تیاری سے لے کر فصل پکنے تک آٹھ مہینے کا وقت درکار ہے۔ ایک لوٹنل فارم کی تعمیر پر کل لاگت کا تخمینہ 1.19 ملین روپے ہے جس میں 0.05 ملین روپے مستقل لاگت (Fixed Investment) اور گردشی سرمایہ (Working Capital)، 1.14 روپے ہو گا۔ اس منصوبے کی اندرونی شرح واپسی (Internal Rate of Return) 32 فیصد، کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) 3.77 سال جبکہ موجودہ قدر حاصل (NPV) تقریباً 2.40 روپے ہو گی۔
ٹنل ٹیکنالوجی سے کامیابی حاصل کرنے کیلئے امیدوار کا تربیت یافتہ ہونے کے ساتھ زرعی ماہر سے مسلسل رابطہ ضروری ہے۔

## 6۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT & PRODUCTS)

یہ منصوبہ ابتدائی طور پر 4 ایکڑ رقبے پر شروع کیا جا سکتا ہے، جس کے تحت موسم کے علاوہ بھی خربوزہ، تربوز، کدو، کریلے اور گھیا توری کاشت کیا جا سکتا ہے۔ تاہم خربوزہ اور تربوز کی کاشت زیادہ قابل عمل ہے۔ 4 ایکڑ رقبے پر محیط لوٹنل فارم سے کاشت کی گئی سبزیوں اور پھلوں کی کئی گنا پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ اس رپورٹ میں خربوزہ اور تربوز کی کاشت تجویز کی گئی ہے۔
مجوزہ کاروبار 3 لوگوں کو مستقل بنیادوں پر روزگار مہیا کرے گا جبکہ بوائی اور چنائی کے موسم میں مزید لوگوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس کاروبار کی پیداوار کا دارومدار بوئی گئی سبزیوں اور پھلوں پر منحصر ہے۔ اوپر بیان کی گئی سبزیوں کی 4 ایکڑ رقبے پر کاشت کی پیداوار ایک سیزن میں اندازاً 151,200 کلوگرام بشمول 10 فیصد ضیاع ہو گی۔ اس منصوبے میں کاروبار کو "واحد ملکیتی کاروبار" تصور کیا گیا ہے۔ مالیاتی جائزے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ کاروبار پہلے ہی سال سے منافع دینا شروع کر دے گا۔

## 7۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

☆ زمین کی زرخیزی کا تجزیہ قبل از کاشت کر لینا۔

☆ بہتر بیجوں کا استعمال کرنا۔

☆ کاشت کاری کے موقع پر زمین کی تیاری کا خصوصی خیال رکھنا۔

☆ بیماریوں اور کیڑوں سے بچاؤ کے لئے دواؤں اور سپرے کا استعمال۔

☆ منافع بخش سبزیوں کو کاشت کے لئے منتخب کرنا۔

☆ ٹنل کے درجہ حرارت اور نمی کی سطح پر قابو رکھنا۔

☆ ضرورت کے وقت آبپاشی کرنا، کھاد ڈالنا اور گوڈی کرنا۔

☆ تمام زرعی مداخل اور احتیاطی تدابیر کا ریکارڈ رکھنا اور بوقتِ ضرورت زرعی ماہرین سے مشورہ۔

## 8۔ ابتدائی عملی استعداد (PRODUCTION CAPACITY)

مندرجہ ذیل جدول میں کل پیداوار کا خلاصہ بشمول 10 فیصد ضیاع کے ساتھ بیان کیا گیا ہے:

**جدول نمبر 1: ابتدائی وعملی استعداد**

| سبزیاں | رقبہ (ایکڑ) | بیج کی مقدار (گرام فی ایکڑ) | پودوں کی تعداد (فی ایکڑ) | کل پیداوار (کلوگرام) |
|---|---|---|---|---|
| تربوز (Watermelon) | 2 | 300 | 6,000 | 120000 |
| خربوزہ (Muskmelon) | 2 | 400 | 8,000 | 48,000 |

## 9۔ سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)


ٹنل فارمنگ کو اپنی بہتر پیداوار اور آمدن کی وجہ سے ملک بھر میں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے۔ محکمہ زراعت حکومت پنجاب اور نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سنٹر اسلام آباد کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر پنجاب کے بیشتر علاقے مثلاً ماموں کانجن، ننکانہ صاحب، فیصل آباد، کمالیہ، رحیم یار خان، چک شہزاد اسلام آباد، چنیوٹ جبکہ خیبر پختونخوا میں سوات، ترناب، مردان اور سندھ میں خیر آباد، میر پور خاص وغیرہ موزوں علاقے ہیں، اس کے علاوہ بلوچستان کے کچھ علاقے بھی ٹنل فارمنگ کیلئے موزوں ہیں۔

## 10۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS/CITIES)

لوگوں کی خریدنے کی استعداد کے حساب سے پاکستان کے بڑے شہروں جیسے اسلام آباد، کراچی، حیدر آباد، لاہور، گوجرانوالہ، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد، گجرات، راولپنڈی، کوئٹہ اور پشاور میں بے موسمی سبزیوں کی بڑی مانگ ہے۔ اس منصوبے سے ہونے والی پیداوار کی غیر ممالک میں بھی مانگ ہے۔

## 11۔ پیداواری گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

بے موسمی سبزیوں کی کاشت کیلئے درج ذیل مراحل درکار ہیں:




## 11.1۔ لوٹنل کی صراحتی تفصیل (LOW TUNNEL STRUCTURE SPECIFICATIONS)

لوٹنل کی صراحتی تفصیلات درجہ ذیل جدول میں بیان کی گئی ہیں۔

**جدول نمبر 2: لوٹنل کی صراحتی تفصیل**

| صراحتی سٹینڈرڈ | میٹریل | پلاسٹک پی وی سی میٹریل |
|---|---|---|
| میٹریل کے سٹینڈرڈ | پلاسٹک پائپ پی وی سی | قطر 3/4 انچ<br>لمبائی 9 فٹ |
| | پلاسٹک شیٹ | 0.04 ملی میٹر موٹی اور 10 فٹ چوڑی |
| ٹنل کی صراحت | اونچائی | 3.5 فٹ آدھے چاند کی مانند |
| | چوڑائی | 4 فٹ |
| | لمبائی | 200 فٹ |
| | ٹنلز کی تعداد | 25 فی ایکڑ |

اس طرح کی ٹنل کی کل لاگت 67,750 روپے فی ایکڑ متوقع ہے تاہم اس میں پلاسٹک کور اور ملچ کی لاگت شامل نہیں ہے۔



## 11.2۔ٹنل کی ساخت اور ڈھانچہ (TUNNEL SUPPORT STRUCTURE)

ہر ایکڑ میں اندازاً 25 ٹنلز لگائی جاسکتی ہیں جن میں خربوزہ اور تربوز لگایا جاسکتا ہے۔ ہر ٹنل تقریباً 200 فٹ لمبی 3.5 فٹ اونچی اور 4 فٹ چوڑی ہوتی ہے ٹنل کی بناوٹ میں 3/4 انچ قطر کے پلاسٹک پائپ جو ساڑھے 9 فٹ لمبے ہیں لگائے جاتے ہیں۔ ہر پائپ 10 سے 15 فٹ کے فاصلے پر لگایا جاتا ہے۔ ڈھانچہ بن جانے کے بعد ہر ڈھانچے کو 0.04 ملی میٹر موٹی پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپا جاتا ہے۔



**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 12۔ منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

ایک تفصیلی مالیاتی پلان میں بے موسمی سبزیوں کی کمرشل افادیت کو جانچا گیا ہے اور مختلف آمدن اور خرچ کے مفروضے اس میں استعمال کیے گئے ہیں۔ اس ماڈل کی مدد سے متوقع آمدن کا گوشوارہ، گردش نقد (کیش فلو) کا کھاتہ اور اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ تیار کیا گیا ہے جو بطور ضمیمہ جات ساتھ لگائے گئے ہیں۔

### 12.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

تجویز کردہ سبزیاں تربوز (Watermelon) اور خربوزہ (Muskmelon) کو بالترتیب 2 ایکڑ پر کاشت کیا جائیگا۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق 108 ٹن تربوز اور 43.2 ٹن خربوزے کی پیداوار علاوہ 10 فیصد ضیاع حاصل ہوگی۔ درج ذیل جدول میں پیداوار کی تفصیلات درج ہیں:

**جدول نمبر 3: کل پیداواری استعداد**

| سبزیاں | رقبہ (ایکڑ) | بیج (گرام) | پودوں کی تعداد (فی ایکڑ) | تعداد سبزی (فی پودہ) | وزن فی سبزی (کلوگرام) | کل پیداوار (کلوگرام) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تربوز (Watermelon) | 2 | 900 | 6,000 | 2 | 5 | 120,000 |
| خربوزہ (Muskmelon) | 2 | 800 | 8,000 | 3 | 1 | 48,000 |

مندرجہ ذیل جدول اندرونی شرح منافع (Internal Rate of Return)، سرمائے کی مدت واپسی (Pay-back Period) اور موجودہ قدر حاصل (Net Present Value) پیش کرتا ہے:

**جدول نمبر 4: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 32 فیصد |
| لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 3.77 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 2,398,238 |

اوپر کے دیئے گئے جدول میں تمام مالی اندازے اس پروجیکٹ کی انتظامی صلاحیتوں اور زرعی مصارف کے صحیح استعمال پر انحصار کرتے ہیں۔

### 12.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

درج ذیل جدول میں سکیم سے متعلق قرضہ و ذاتی سرمایہ کاری کی تفصیل درج ہے:

**جدول نمبر 5: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| کل ذاتی سرمایہ (10 فیصد) | 118,980 روپے |
| بنک کا قرضہ (90 فیصد) | 1,070,820 روپے |

| | |
|---|---|
| قرض کا سالانہ شرح منافع | 8 فیصد |
| قرضے کی مدت واپسی | 8 سال |
| رعایتی مدت | 1 سال |

## 12.3۔ کل لاگت کاروبار (TOTAL PROJECT COST)

اس کاروبار کے لئے مندرجہ ذیل ضروریات کی شناخت کی گئی ہے:

**جدول نمبر 6: کل لاگت کاروبار**

| مستقل سرمایہ | رقم (روپے) |
|---|---|
| مشینری و آلات | 25,000 |
| قبل از عمل لاگت | 20,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **45,000** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| درکار خام مال | |
| پلاسٹک شیٹ (سفید) | 92,000 |
| پلاسٹک ملچ | 24,000 |
| پلاسٹک کی رسی | 5,000 |
| پلاسٹک پائپ پی وی سی | 150,000 |
| بیج | 44,600 |
| کھاد کا خرچہ | 116,800 |
| سپرے کا خرچہ | 80,000 |
| سبز کھاد اور زمین کی تیاری | 50,000 |
| کھالیاں بنانے کا خرچہ | 14,000 |
| آب پاشی | 18,000 |
| پیشگی کرایہ | 200,000 |
| نقد رقم* | 350,400 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **1,144,800** |
| **منصوبے کی کل لاگت** | **1,189,800** |

*نقد رقم میں 6 ماہ کی مزدوری، پیکنگ، بجلی، سفری، مواصلات اور دیگر اخراجات شامل ہیں

## 12.4۔ درکارزمین (SPACE REQUIREMENT)

گوکہ اس پروجیکٹ کو بناتے ہوئے کوئی طے شدہ اصول ٹھیکہ یا کرائے کے ضمن میں نہ مل سکا۔ بے موسمی سبزیوں کے منصوبے کے لئے درکار زمین کا اندازہ مندرجہ ذیل جدول میں دیا جارہا ہے۔(یہ لاگت ابتدائی گردشی سرمایہ میں شامل کردی گئی ہے)

**جدول نمبر 7: درکارزمین**

| سبزیاں | زیراستعمال زمین (ایکڑ) | فی ایکڑ ٹھیکہ کی لاگت (روپے) | فی ایکڑ ٹھیکہ کی کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| تربوز (Watermelon) | 2 | 50,000 | 100,000 |
| خربوزہ (Muskmelon) | 2 | 50,000 | 100,000 |
| **کل تخمینہ** | **4** | **-** | **200,000** |

## 12.5۔ مشینری اورآلات (MACHINERY & EQUIPMENT)

اس منصوبے کے استعمال کے لئے درکار مشینری بشمول آلات واوزار مارکیٹ سے بآسانی خریدے جاسکتے ہیں۔جن کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے۔

**جدول نمبر 8: مشینری وآلات**

| مندرجات | تعداد | فی عدد لاگت (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| زرعی آلات واوزار | 1 | 15,000 | 15,000 |
| سپرے مشین | 2 | 5,000 | 10,000 |
| **کل لاگت** | | | **25,000** |

## 12.6۔ درکارخام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENTS)

4 ایکڑ رقبے پر تربوز اور خربوزہ کی کاشت کیلئے بوئے جانے والے بیج کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

**جدول نمبر 9: بیج کی لاگت**

| سبزیاں | رقبہ (ایکڑ) | درکار بیج (گرام) | فی عدد لاگت | کل لاگت |
|---|---|---|---|---|
| تربوز (Watermelon) | 2 | 600 | 25 | 15,000 |
| خربوزہ (Muskmelon) | 2 | 800 | 37 | 29,600 |
| **کل لاگت** | | | | **44,600** |

جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کے بے موسمی سبزیوں کی کاشت لوٹنل تکنیک کے بنیاد پر کی جائیگی۔درج ذیل جدول میں لوٹنل کے تعمیری اخراجات بیان کیے گئے ہیں:

جدول نمبر 10: لوٹنل کے تعمیری اخراجات

| مندرجات | تعداد فی ایکڑ | فی عدد لاگت (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| پلاسٹک کی چادر۔ سفید | 400 | 230 | 92,000 |
| پلاسٹک ملچ۔ کالی | 100 | 240 | 2,450 |
| پلاسٹک کی ڈوری | 40 | 125 | 5,000 |
| پی وی سی پائپ میٹریل (عدد) | 2,000 | 75 | 150,000 |
| **کل لاگت** | | | **471,000** |

بے موسمی سبزیوں کی کاشت کیلئے اعلیٰ پیداواری بیج اور ٹنل کی تعمیری سامان کے علاوہ کچھ متفرق خام مال بھی درکار ہوگا جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

جدول نمبر 11: متفرق درکار خام مال

| مندرجات | اکائی | تعداد فی ایکڑ | فی عدد لاگت | کل لاگت |
|---|---|---|---|---|
| سی۔اے۔این | بوری | 2 | 1,600 | 12,800 |
| نائٹروفاس | بوری | 4 | 2,500 | 40,000 |
| ڈی۔اے۔پی | بوری | 2 | 3,750 | 30,000 |
| ایس۔او۔پی | بوری | 2 | 4,250 | 34,000 |
| **کل لاگت** | | | | **116,800** |

## 12.7۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

جدول نمبر 12: درکار افرادی قوت (مستقل)

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | ماہانہ تنخواہ (روپے) | تنخواہ فی موسم (روپے) |
|---|---|---|---|
| مالک/منتظم | 1 | 20,000 | 160,000 |
| مستقل مزدور | 2 | 12,000 | 192,000 |
| **کل مستقل سٹاف** | 3 | | **352,000** |

3 ماہ پر مشتمل چنائی کے موسم میں یومیہ اجرت پر 6 عارضی مزدور رکھے جائیں گے۔ ایک ماہ میں 5 بار چنائی کی جائے گی جس کیلئے فی مزدور اجرت 250 روپے فرض کی گئی ہے۔ درج ذیل جدول میں عارضی مزدوروں کی تفصیلات درج ہیں:

جدول نمبر13: درکار افرادی قوت (عارضی)

| مندرجات | تعداد | اجرت فی چنائی فی مزدور | موسم کی کل اجرت |
|---|---|---|---|
| عارضی مزدور | 6 | 5,000 | 90,000 |

سالانہ 10% ملازمین کی تنخواہ کا اضافہ کیا جائے گا۔

## 12.8۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

سبزیوں کی متوقع پیداوار اور قیمت فروخت درج ذیل ہے:

جدول نمبر14: متوقع پیداوار اور آمدن

| سبزیاں | رقبہ(ایکڑ) | قیمت فروخت (روپے) | پہلے سال کی پیداوار (کلوگرام) | پہلے سال کی آمدن(روپے) |
|---|---|---|---|---|
| تربوز (Watermelon) | 2 | 16 | 108,000 | 1,728,000 |
| خربوزہ (Muskmelon) | 2 | 20 | 43,200 | 864,000 |
| کھاد کے خالی بیگوں کی فروخت | | | | 400 |
| **کل آمدن** | | | | **2,592,400** |

## 12.9۔ متفرق لاگتیں (OTHER COSTS)

سبزیوں کو کھیت سے منڈی تک لے جانے کیلئے 80 روپے فی کلومیٹر کے حساب سے پہلے سال میں تقریباً 756,000 روپے خرچ آئے گا اور اسی طرح بجلی کے اخراجات 1 ہزار روپے ماہانہ کے حساب سے فرض کیے گئے ہیں۔

## 13۔ ماہرین ومشیران (EXPERTS & CONSULTANTS)

| | |
|---|---|
| **ڈاکٹر محمد اسلم پرویز**<br>ڈائریکٹر،انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز فیکلٹی آف ایگریکلچر<br>یونیورسٹی آف ایگریکلچر،فیصل آباد<br>فون:+92-41-9201281<br>+92-41-9200161<br>ایکسٹینشن:2952 | **ڈاکٹر غلام جیلانی**<br>پی ایس او/ پی ایل(Vegetable)<br>پروگرام برائے ویجیٹیبل کراپ،<br>ہارٹیکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ،نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سنٹر<br>پارک روڈ،اسلام آباد<br>فون:+92-51 9255061, +92-51 9255012<br>فیکس:+92-51 9255034 |
| **ڈاکٹر محمد انجم علی**<br>ڈائریکٹر جنرل ایکسٹینشن، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب<br>21ڈیوس روڈ لاہور<br>فون:92-42-99200732<br>فیکس:92-42-99200743 | **سی ای او**<br>پاکستان ہارٹیکلچر ڈیویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی<br>30Nماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، لاہور۔<br>فون:+92-42-99232210-17<br>فیکس:+92-42-99232220 |

# 14۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

## 14.1۔ آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

| Income Statement | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 2,592,400 | 2,851,640 | 3,136,804 | 3,450,484 | 3,795,533 | 4,175,086 | 4,592,595 | 5,051,854 | 5,557,040 | 6,112,744 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Plastic Sheet (white) | 92,000 | 101,200 | 111,320 | 122,452 | 134,697 | 148,167 | 162,984 | 179,282 | 197,210 | 216,931 |
| Plastic Mulch | 24,000 | 26,400 | 29,040 | 31,944 | 35,138 | 38,652 | 42,517 | 46,769 | 51,446 | 56,591 |
| Plastic Rope | 5,000 | 5,500 | 6,050 | 6,655 | 7,321 | 8,053 | 8,858 | 9,744 | 10,718 | 11,790 |
| Structure (PVC pipe material) | 150,000 | 165,000 | 181,500 | 199,650 | 219,615 | 241,577 | 265,734 | 292,308 | 321,538 | 353,692 |
| Seeds expense | 44,600 | 49,060 | 53,966 | 59,363 | 65,299 | 71,829 | 79,012 | 86,913 | 95,604 | 105,164 |
| Fertilizer expense | 116,800 | 128,480 | 141,328 | 155,461 | 171,007 | 188,108 | 206,918 | 227,610 | 250,371 | 275,408 |
| Pesticide expense | 80,000 | 88,000 | 96,800 | 106,480 | 117,128 | 128,841 | 141,725 | 155,897 | 171,487 | 188,636 |
| Green Manuring and Land Preparation | 50,000 | 55,000 | 60,500 | 66,550 | 73,205 | 80,526 | 88,578 | 97,436 | 107,179 | 117,897 |
| Mechanical Hoeing | 14,000 | 15,400 | 16,940 | 18,634 | 20,497 | 22,547 | 24,802 | 27,282 | 30,010 | 33,011 |
| Irrigation expense | 18,000 | 18,360 | 18,727 | 19,102 | 19,484 | 19,873 | 20,271 | 20,676 | 21,090 | 21,512 |
| Direct labor | 282,000 | 283,800 | 312,180 | 343,398 | 377,738 | 415,512 | 457,063 | 502,769 | 553,046 | 608,351 |
| Transportation Cost from Farm to Market | 756,000 | 831,600 | 914,760 | 1,006,236 | 1,106,860 | 1,217,546 | 1,339,300 | 1,473,230 | 1,620,553 | 1,782,608 |
| Packing expense | 57,600 | 60,480 | 63,504 | 66,679 | 70,013 | 73,514 | 77,190 | 81,049 | 85,101 | 89,357 |
| Total cost of sales | 1,690,000 | 1,828,280 | 2,006,615 | 2,202,603 | 2,418,002 | 2,654,742 | 2,914,951 | 3,200,965 | 3,515,355 | 3,860,948 |
| Gross Profit | 902,400 | 1,023,360 | 1,130,189 | 1,247,881 | 1,377,531 | 1,520,344 | 1,677,644 | 1,850,889 | 2,041,685 | 2,251,795 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 160,000 | 154,000 | 169,400 | 186,340 | 204,974 | 225,471 | 248,019 | 272,820 | 300,102 | 330,113 |
| Land rental expense | 200,000 | 220,000 | 242,000 | 266,200 | 292,820 | 322,102 | 354,312 | 389,743 | 428,718 | 471,590 |
| Electricity expense | 6,000 | 6,600 | 7,260 | 7,986 | 8,785 | 9,663 | 10,629 | 11,692 | 12,862 | 14,148 |
| Travelling expense | 6,000 | 6,300 | 6,615 | 6,946 | 7,293 | 7,658 | 8,041 | 8,443 | 8,865 | 9,308 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 18,000 | 18,900 | 19,845 | 20,837 | 21,879 | 22,973 | 24,122 | 25,328 | 26,594 | 27,924 |
| Misc. expenses | 9,600 | 9,240 | 10,164 | 11,180 | 12,298 | 13,528 | 14,881 | 16,369 | 18,006 | 19,807 |
| Vegetable Market expense | 129,620 | 142,582 | 156,840 | 172,524 | 189,777 | 208,754 | 229,630 | 252,593 | 277,852 | 305,637 |
| Depreciation expense | 2,500 | 2,500 | 2,500 | 2,500 | 2,500 | 5,691 | 5,691 | 5,691 | 5,691 | 5,691 |
| Subtotal | 535,720 | 564,122 | 618,624 | 678,514 | 744,326 | 815,841 | 895,324 | 982,679 | 1,078,689 | 1,184,216 |
| Operating Income | 366,680 | 459,238 | 511,565 | 569,367 | 633,205 | 704,503 | 782,320 | 868,210 | 962,995 | 1,067,579 |
| Other income (interest on cash) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Interest & Taxes | 366,680 | 459,238 | 511,565 | 569,367 | 633,205 | 704,503 | 782,320 | 868,210 | 962,995 | 1,067,579 |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 87,379 | 83,324 | 73,579 | 63,039 | 51,639 | 39,308 | 25,972 | 11,547 | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 87,379 | 83,324 | 73,579 | 63,039 | 51,639 | 39,308 | 25,972 | 11,547 | - | - |
| Earnings Before Tax | 279,301 | 375,914 | 437,986 | 506,328 | 581,567 | 665,195 | 756,348 | 856,663 | 962,995 | 1,067,579 |
| Tax | 20,430 | 33,887 | 43,198 | 53,449 | 64,735 | 77,279 | 90,952 | 105,999 | 121,949 | 137,637 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **258,871** | **342,027** | **394,788** | **452,879** | **516,832** | **587,916** | **665,396** | **750,664** | **841,046** | **929,942** |

## 14.2۔ اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

| Balance Sheet | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 350,400 | 431,234 | 569,240 | 735,855 | 939,501 | 1,152,219 | 1,442,061 | 1,782,045 | 2,177,472 | 2,837,541 | 5,585,597 |
| Accounts receivable | | 106,537 | 111,864 | 123,050 | 135,355 | 148,891 | 163,780 | 180,158 | 198,174 | 217,991 | 239,790 |
| Raw material inventory | 594,400 | 652,400 | 716,171 | 786,290 | 863,391 | 948,171 | 1,041,399 | 1,143,917 | 1,256,654 | 1,380,633 | 18,000 |
| Pre-paid land rent | 200,000 | 220,000 | 242,000 | 266,200 | 292,820 | 322,102 | 354,312 | 389,743 | 428,718 | 471,590 | - |
| Total Current Assets | 1,144,800 | 1,410,171 | 1,639,275 | 1,911,395 | 2,231,067 | 2,571,383 | 3,001,551 | 3,495,863 | 4,061,018 | 4,907,754 | 5,843,387 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery& equipment | 25,000 | 22,500 | 20,000 | 17,500 | 15,000 | 44,407 | 38,716 | 33,026 | 27,335 | 21,644 | 15,954 |
| Total Fixed Assets | 25,000 | 22,500 | 20,000 | 17,500 | 15,000 | 44,407 | 38,716 | 33,026 | 27,335 | 21,644 | 15,954 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Total Intangible Assets | 20,000 | 16,000 | 12,000 | 8,000 | 4,000 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **1,189,800** | **1,448,671** | **1,671,275** | **1,936,895** | **2,250,067** | **2,615,791** | **3,040,268** | **3,528,889** | **4,088,353** | **4,929,399** | **5,859,341** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Total Current Liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Deferred tax | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt(Project Loan) | 1,070,820 | 1,070,820 | 951,397 | 822,229 | 682,521 | 531,413 | 367,975 | 191,200 | - | - | - |
| Long term debt(Working Capital Loan) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 1,070,820 | 1,070,820 | 951,397 | 822,229 | 682,521 | 531,413 | 367,975 | 191,200 | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 | 118,980 |
| Retained earnings | | 258,871 | 600,898 | 995,686 | 1,448,565 | 1,965,397 | 2,553,313 | 3,218,709 | 3,969,373 | 4,810,419 | 5,740,361 |
| Total Equity | 118,980 | 377,851 | 719,878 | 1,114,666 | 1,567,545 | 2,084,377 | 2,672,293 | 3,337,689 | 4,088,353 | 4,929,399 | 5,859,341 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **1,189,800** | **1,448,671** | **1,671,275** | **1,936,895** | **2,250,067** | **2,615,791** | **3,040,268** | **3,528,889** | **4,088,353** | **4,929,399** | **5,859,341** |

**نوٹ:** سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 14.3۔ گردشِ نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

| Cash Flow Statement | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 258,871 | 342,027 | 394,788 | 452,879 | 516,832 | 587,916 | 665,396 | 750,664 | 841,046 | 929,942 |
| Add: depreciation expense | | 2,500 | 2,500 | 2,500 | 2,500 | 2,500 | 5,691 | 5,691 | 5,691 | 5,691 | 5,691 |
| Accounts receivable | | (106,537) | (5,327) | (11,186) | (12,305) | (13,536) | (14,889) | (16,378) | (18,016) | (19,817) | (21,799) |
| Raw material inventory | (594,400) | (58,000) | (63,771) | (70,119) | (77,101) | (84,780) | (93,227) | (102,518) | (112,738) | (123,978) | 1,362,633 |
| Pre-paid land rent | (200,000) | (20,000) | (22,000) | (24,200) | (26,620) | (29,282) | (32,210) | (35,431) | (38,974) | (42,872) | 471,590 |
| Cash provided by operations | (794,400) | 80,834 | 257,429 | 295,783 | 343,353 | 395,734 | 453,280 | 516,759 | 586,627 | 660,069 | 2,748,056 |
| | | | | | | | | | | | |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | - | (119,423) | (129,168) | (139,708) | (151,108) | (163,438) | (176,775) | (191,200) | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 1,070,820 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 118,980 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 1,189,800 | - | (119,423) | (129,168) | (139,708) | (151,108) | (163,438) | (176,775) | (191,200) | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (45,000) | - | - | - | - | (31,907) | - | - | - | - | - |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (45,000) | - | - | - | - | (31,907) | - | - | - | - | - |
| | | | | | | | | | | | |
| **NET CASH** | **350,400** | **80,834** | **138,006** | **166,615** | **203,646** | **212,719** | **289,841** | **339,984** | **395,427** | **660,069** | **2,748,056** |

## 14.4۔خام مال کا کھاتہ (RAW MATERIAL CACULATION SHEETS)

| Raw material costs | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Total cost of Tunnel Structure** | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Plastic Sheet (white) | 92,000 | 101,200 | 111,320 | 122,452 | 134,697 | 148,167 | 162,984 | 179,282 | 197,210 | 216,931 |
| Plastic Mulch | 24,000 | 26,400 | 29,040 | 31,944 | 35,138 | 38,652 | 42,517 | 46,769 | 51,446 | 56,591 |
| Plastic Rope | 5,000 | 5,500 | 6,050 | 6,655 | 7,321 | 8,053 | 8,858 | 9,744 | 10,718 | 11,790 |
| Structure (PVC pipe material) | 150,000 | 165,000 | 181,500 | 199,650 | 219,615 | 241,577 | 265,734 | 292,308 | 321,538 | 353,692 |
| **Total** | **271,000** | **298,100** | **327,910** | **360,701** | **396,771** | **436,448** | **480,093** | **528,102** | **580,913** | **639,004** |
| | | | | | | | | | | |
| **Total cost of seeds** | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Watermelon Seed | 15,000 | 16,500 | 18,150 | 19,965 | 21,962 | 24,158 | 26,573 | 29,231 | 32,154 | 35,369 |
| Muskmelon Seed | 29,600 | 32,560 | 35,816 | 39,398 | 43,337 | 47,671 | 52,438 | 57,682 | 63,450 | 69,795 |
| **Total** | **44,600** | **49,060** | **53,966** | **59,363** | **65,299** | **71,829** | **79,012** | **86,913** | **95,604** | **105,164** |
| | | | | | | | | | | |
| **Total cost of fertilizer** | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Calcium Amonium Nitrate | 12,800 | 14,080 | 15,488 | 17,037 | 18,740 | 20,615 | 22,676 | 24,944 | 27,438 | 30,182 |
| Nitrophos | 40,000 | 44,000 | 48,400 | 53,240 | 58,564 | 64,420 | 70,862 | 77,949 | 85,744 | 94,318 |
| DAP | 30,000 | 33,000 | 36,300 | 39,930 | 43,923 | 48,315 | 53,147 | 58,462 | 64,308 | 70,738 |
| SOP | 34,000 | 37,400 | 41,140 | 45,254 | 49,779 | 54,757 | 60,233 | 66,256 | 72,882 | 80,170 |
| **Total** | **116,800** | **128,480** | **141,328** | **155,461** | **171,007** | **188,108** | **206,918** | **227,610** | **250,371** | **275,408** |
| **Packing Expense** | | | | | | | | | | |
| | **Year-1** | **Year-2** | **Year-3** | **Year-4** | **Year-5** | **Year-6** | **Year-7** | **Year-8** | **Year-9** | **Year-10** |
| Watermelon | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Muskmelon | 57,600 | 60,480 | 63,504 | 66,679 | 70,013 | 73,514 | 77,190 | 81,049 | 85,101 | 89,357 |
| **Total Packing expense** | **57,600** | **60,480** | **63,504** | **66,679** | **70,013** | **73,514** | **77,190** | **81,049** | **85,101** | **89,357** |

**نوٹ:** سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 14.5۔ فروخت سے ہونے والی آمدن کا کھاتہ (SALES REVENUE CALCULATION SHEET)

| Sales Revenue | Year-1 | Year-2 | Year-3 | Year-4 | Year-5 | Year-6 | Year-7 | Year-8 | Year-9 | Year-10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **No. of Kgs per acre** | | | | | | | | | | |
| Watermelon | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 | 60,000 |
| Muskmelon | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 | 24,000 |
| Pumpkin | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 |
| **Total Production in Kgs (excl. wastege)** | | | | | | | | | | |
| Watermelon | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 | 108,000 |
| Muskmelon | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 | 43,200 |
| Pumpkin | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** | **151,200** |
| **Sales Price per kg** | | | | | | | | | | |
| Watermelon | 16.00 | 17.60 | 19.36 | 21.30 | 23.43 | 25.77 | 28.34 | 31.18 | 34.30 | 37.73 |
| Muskmelon | 20.00 | 22.00 | 24.20 | 26.62 | 29.28 | 32.21 | 35.43 | 38.97 | 42.87 | 47.16 |
| Pumpkin | 15 | 17 | 18 | 20 | 22 | 24 | 27 | 29 | 32 | 35 |
| **Sales Revenue** | | | | | | | | | | |
| Watermelon | 1,728,000 | 1,900,800 | 2,090,880 | 2,299,968 | 2,529,965 | 2,782,961 | 3,061,257 | 3,367,383 | 3,704,121 | 4,074,534 |
| Muskmelon | 864,000 | 950,400 | 1,045,440 | 1,149,984 | 1,264,982 | 1,391,481 | 1,530,629 | 1,683,692 | 1,852,061 | 2,037,267 |
| Pumpkin | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Sale of empty bags of fertilizer | 400 | 440 | 484 | 532 | 586 | 644 | 709 | 779 | 857 | 943 |
| **Total sales Revenue** | **2,592,400** | **2,851,640** | **3,136,804** | **3,450,484** | **3,795,533** | **4,175,086** | **4,592,595** | **5,051,854** | **5,557,040** | **6,112,744** |

## 14.6۔ سودمند انتظامی تجاویز (USEFUL MANAGEMENT TIPS)

**ٹیکنالوجی اور طریقے کار**

☆ زرعی مصارف کے استعمال کا ریکارڈ رکھنے سے آپ بعد کی بہت سی تکالیف سے بچ سکتے ہیں۔

☆ زرعی پیداوار کی کاشت اور برداشت کے دوران زرعی ماہر سے مسلسل رابطے میں رہیں اور اس کے دیئے ہوئے مشورے لکھ لیجئے۔

☆ چنائی اور مال خانے کے انتظامات مارکیٹ کے مروجہ طریقہ کار سے سیکھئے اور اس کے لئے ماہرانہ رائے ضرور لیجئے۔ ممکنہ نقصانات سے بچنے کی پیش بندی کیجئے۔

**منڈیوں تک رسائی اور تقسیم پیداوار**

☆ تقسیم وفروخت کے ذرائع کیلئے ماہرین کی رائے لینا اور پیشہ وارانہ سروسز پر انحصار کریں۔ پہلے سے کئے گئے انتظامات کیلئے معاہدے کرلیں۔

☆ قیمت فروخت اور تجارتی قیمت کا تعین کرنے کیلئے تمام لاگت بشمول تخمینہ دیگر اخراجات جوڑ کر مناسب منافع رکھیے۔

## 14.7۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

☆...... Prime Minister's Office, www.pmo.gov.pk

☆...... Small and Medium Enterprises Development Authority, www.smeda.org.pk

☆...... National Bank of Pakistan (NBP), www.nbp.com.pk

☆...... First Women Bank Limited (FWBL), www.fwbl.com.pk

☆...... Government of Pakistan, www.pakistan.gov.pk

☆...... Ministry of Industries & Production, www.moip.gov.pk

☆...... Government of Punjab, www.punjab.gov.pk

☆...... Government of Sindh, www.sindh.gov.pk

☆...... Government of Khyber Pakhtunkhwa, www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

☆...... Government of Balochistan, www.balochistan.gov.pk

☆...... Government of Gilgit Baltistan, www.gilgitbaltistan.gov.pk

☆...... Government of Azad Jammu& Kashmir, www.ajk.gov.pk

☆...... Trade Development Authority of Pakistan (TDAP), www.tdap.gov.pk

☆...... Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), www.secp.gov.pk

☆...... Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI), www.fpcci.com.pk

☆...... State Bank of Pakistan (SBP), www.sbp.org.pk

## 15۔ کلیدی مفروضے (KEY ASSUMPTIONS)

**جدول نمبر 15: پیداوار کے مفروضات**

| | |
|---|---|
| فروخت شدہ مال کی لاگت کی شرح نمو | 10 فیصد |
| پیداواری لاگت کی شرح نمو | 5 فیصد |
| سبزی منڈی کے اخراجات (منافع پر شرح) | 5 فیصد |
| نقل وحمل کے اخراجات (سالانہ) | 6,000روپے |
| کمیونیکیشن کے اخراجات (سالانہ) | 18,000روپے |
| متفرق اخراجات (انتظامی اخراجات پر) | 6 فیصد |
| مشینری وآلات کی فرسودگی کی شرح | 10 فیصد |
| ٹنل کے آلات کی فرسودگی کی شرح | 100 فیصد |
| فرنیچر ولوازمات کی فرسودگی کی شرح | 10 فیصد |

**جدول نمبر 16: معاشی مفروضات**

| | |
|---|---|
| افراطِ زر کی شرح نمو | 10فیصد |
| بجلی کے محصول کی شرح نمو | 10فیصد |
| پانی کی شرح نمو | 2فیصد |
| مزدوری اخراجات کی شرح نمو | 10فیصد |

**جدول نمبر 17: گردش نقد کے مفروضے**

| | |
|---|---|
| کارآمد دورانیہ (مہینے) | 7 |
| قابل وصول قرضہ (دنوں میں) | 15 |

**جدول نمبر 18: مالیاتی مفروضے**

| | |
|---|---|
| منصوبے کا دورانیہ | 10سال |
| بینک قرضہ | 90فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 10فیصد |
| قرضے کا سالانہ شرح منافع | 8فیصد |
| میعاد قرضہ | 8سال |
| سالانہ قرضہ واپسی اقساط | 2 |
| رعائتی مدت | 1سال |